پریس ریلیز

شیل پاکستان نے سنہ 2022ء کی پہلی سہ ماہی کے لیے مالی نتائج کا اعلان کر دیا

کراچی، پاکستان، 21اپریل،2022: شیل پاکستان لمٹیڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سنہ 2022ء کی پہلی سہ ماہی کے لیے کمپنی کے مالی نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔ یہ اعلان مؤرخہ 21اپریل، 2022ء کو کیا گیا۔اعلان کے مطابق کمپنی نے مذکورہ سہ ماہی کے دوران 2,079 ملین روپے کا بعد از ٹیکس منافع حاصل کیا جبکہ گزشتہ برس،اسی عرصے کے دوران،1,948 ملین روپے کا منافع ہوا تھا۔

اس حوصلہ افزا تبدیلی کی بنیادی وجہ بہتر کاروباری کارکردگی تھی جس میں متفرق ایندھن اور لیوبریکنٹس، حکومت کی جانب سے Platt's انڈیکسز کے مطابق قیمتوں کے فارمولے کی جانب مثبت تبدیلی اور فیول کے محفوظ اور عمدہ آپریشنز جیسی حکمت عملی پر مبنی ترجیحات پر توجہ دی گئی تھی۔

اس عرصے میں، موبلٹی کے کاروبار نے کامیابی سے تین نئ سائٹس قائم کیں جن سے زیادہ حجم کی فراہمی میں مدد ملے گی۔او گرا کے ساتھ کمپنی کی وکالت میں بھی حوصلہ افزا بہتری دیکھنے میں آئی جس نے ہمیں اپنے نیٹ ورک کو پنجاب میں وسعت دینے کے قابل بنایا۔مزید برآں، شیل تعمیر نے انسٹی ٹیوٹ آف بزنس مینجمنٹ (IoBM) کے شاہجہاں ایس کریم انکیوبیشن سینٹر کے ساتھ بھی ایک معاہدہ کیا جس کا مقصد پاکستان میں نوجوانوں میں انٹرپرینیورشپ کو فروغ دینا ہے۔اس شراکت کے ذریعے دونوں ادارے تربیت، مینٹورینگ اور بزنس انکیوبیشن سروسز کے ذریعے نوجوانوں میں انٹرپیرینیورشپ کی اسکلز سکھائیں گے تاکہ نوجوان پاکستانی اسٹارٹ اپس کے لیے مواقع پیدا کیے جاسکیں۔

ادارہ پاکستانی انڈسٹری کی ترقی میں پیش پیش رہا اور پورے کاروبار میں محفوظ آپریشنز بنانے کے ساتھ عملے کے ارکان، کاروباری پارٹنرز اور انڈسٹری پارٹنرز کے ساتھ ورکشاپس اور مذاکرات کے ذریعے تحفظ کا ماحول ذہن نشین کراتا رہا۔

شیل موجودہ چیلنجوں کے اثرات کم کرنے کے لیے سرگرمی سے کام کرتا رہے گا اور ایسے مواقع کی دستیابی یقینی بناتا رہے گا جن سے کمپنی پاکستان میں توانائی کے مستقبل کی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکے۔

***